© rasailojaraid.com


**نقشہ مغربی محاذ جنگ یورپ ۱۹۳۹ء** مرتبہ بشیر الدین احمد صاحب خوشنویس۔ قیمت

سائز ۲۰×۱۷۔ ملنے کا پتہ: نمبر ۶۸۳ مفتی والان دہلی۔

ہر شخص جانتا ہے آجکل جنگ کی کوئی خبر بغیر نقشہ کے پورے طور پر سمجھ میں نہیں آسکتی۔ بلکہ جنگ بھی بغیر نقشہ کے نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ محکمہ جنگ ہدایات کے ساتھ نقشے بھی لازمی طور پر شائع کرتا ہے اور ایک مستقل محکمہ شب و روز اسی کام میں مصروف رہتا ہے۔ گذشتہ جنگ عظیم میں اتحادی حالات کے تغیر کے ساتھ روزانہ نئے نقشے تیار کرتے تھے جو صیغۂ راز میں رہتے تھے لیکن اخبار بیں اصحاب کے لئے بعض لوگ تجارتی اصول پر ایسے نقشے شائع کرتے رہتے ہیں جن سے صرف رفتار جنگ کا پتہ ہی نہیں چلتا بلکہ ان سے معلومات عامہ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

زیر تبصرہ نقشہ موجودہ جنگ کے مغربی محاذ سے متعلق ہے۔ اور اگرچہ فرانس کی شکست کے بعد اب بظاہر اس کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی لیکن بعد کے آثار بتا رہے ہیں کہ آئندہ بھی یہ کام دے گا جو لوگ موجودہ جنگ میں اب تک جو حالات پیش آئے ہیں اُن کا جغرافیائی ریکارڈ اپنے پاس محفوظ رکھنا چاہتے ہیں، اُن کے لئے اس نقشہ کا اپنے پاس محفوظ رکھنا ضروری ہی۔ ہم نے اب تک اس سلسلہ میں جو نقشے دیکھے ہیں، یہ نقشہ اُن سب سے زیادہ مفصل اور صحیح ہے۔

**حبش کا تفصیلی نقشہ** مرتبہ جناب منشی عبدالقدیر دالاخوان سائز ۳۴×۲۴۔ قیمت ایک روپیہ

ملنے کا پتہ:۔ خالد کمپنی ترا ہا بہرام خاں دہلی

یہ نقشہ انگریزی زبان میں افریقہ کے اُس حصہ کا ہے جس میں عدن۔ ابی سینیا، ارٹریا۔ فرانسیسی، برطانوی، اور اطالوی سمالی لینڈ کے مقبوضات ہیں اس کے طبلق پر جامع الفاظ میں حبشہ سے متعلق تاریخی و جغرافیائی معلومات درج ہیں یہ نقشہ حبش کے متعلق تفصیلی معلومات کا حامل ہی، دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ کافی محنت اور لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ اُمید ہے ارباب ذوق اِسکی قدر کرینگے۔ ا۔س۔

© rasailojaraid.com